فوری ریلیز کے لیے: 2026/7/8 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL اور میئر MAMDANI نے نیو یارک سٹی کی پوری تاریخ میں سب سے تیز اور سب سے بہترین بس سسٹم بنانے والے تاریخی منصوبے کی خوشخبری سنا دی

"Next Stop: Fast Buses, Better Service" رفتار میں بہتری لانے کے لیے 50 ترجیحی کوریڈورز کی نشاندہی کر رہا ہے، جن میں اگلی نسل کے پانچ ریپڈ ٹرانزٹ بس روٹس بھی شامل ہیں

اس منصوبے میں سیکڑوں بس اسٹاپس پر سایہ دار چھجے اور بیٹھنے کی جگہیں بنائی جائیں گی، ہزاروں نئی بسیں چلائی جائیں گی، 2027 تک تمام دروازوں سے بورڈنگ کا مرحلہ شروع کیا جائے گا، اور 2030 تک فلیٹ بش ایونیو پر عالمی معیار والا ایک نیا تیز رفتار بس روٹ فراہم کیا جائے گا

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) اور میئر Zohran Kwame Mamdani (ظہران کوامے ممدانی) نے آج "Next Stop: Fast Buses, Better Service" کی خوشخبری سنائی، جو نیویارک سٹی میں اگلی نسل کی بس سروس بنانے کے لیے ایک زبردست بس ایکشن منصوبہ ہے۔

یہ منصوبہ نیو یارک سٹی کے محکمہ ٹرانسپورٹیشن (NYC DOT) اور میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (Metropolitan Transportation Authority, MTA) کے درمیان ایک تاریخی شراکت داری کی نشاندہی کر رہا ہے جس کے ذریعے اس میں انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں گی کہ نیو یارک والے سٹی کی بس سروس کا تجربہ کیسے کریں — ایسی سرمایہ کاریوں کے ساتھ جو سروس کو زیادہ تیز رفتار، زیادہ قابل رسائی، اور گھر سے منزل مقصود تک مزید آرام دہ بنا دیں گی۔

Next Stop: Fast Buses, Better Service پانچ باروز میں بہتری کے لیے 50 ترجیحی بس کوریڈورز کی نشاندہی کر رہا ہے اور پانچ اہم روٹس پر سٹی کی اگلی نسل کی تیز رفتار بس سروس کا آغاز بھی کر رہا ہے۔ یہ تمام سرمایہ کاریاں باہم مل کر سفر کا وقت کم کر دیں گی، اعتماد میں اضافہ کریں گی، رسائی بڑھائیں گی، اور ایک ایسا بس سسٹم وجود میں لائیں گی جو اس پر انحصار کرنے والے اس شہر کے لیے موزوں ہو۔

"روزانہ نیو یارک کے کئی ملین باشندے بسوں پر انحصار کرتے ہیں تاکہ انہیں شہر میں گھومنے پھرنے میں آسانی ہو، لیکن بہت طویل عرصے تک ان کے اس سفر کو تیز رفتار بنانا اور ان کی زندگیاں آسان بنانا تقریباً ناممکن ہی لگتا رہا۔ یہ سب آج تبدیل ہو رہا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیو یارک ٹرانزٹ کی نشاۃ ثانیہ کے عین درمیان سے گزر رہا ہے، اور ہمارے اس شہر میں زندگی بہتر بنانے کے لیے تاریخی سرمایہ کاریاں کی جا رہی ہیں۔ اب، میئر Mamdani (ممدانی) کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے ہم ایک بہادرانہ اور بڑے منصوبے میں پیش رفت کر رہے ہیں تاکہ بسوں کی رفتار زیادہ تیز کی جا سکے، بسوں کو ترجیح بنانے کا عمل نمایاں طور پر بڑھایا جا سکے، تاخیروں میں کمی کی جا سکے، اور ہمارے بس سسٹم کو دنیا کے لیے قابلِ رشک چیز بنا دیا جائے۔"

نیو یارک سٹی کے میئر Zohran Mamdani (ظہران ممدانی) نے کہا، "کام کرنے والے نیو یارکرز کے لیے ایک ایک لمحہ اہمیت رکھتا ہے۔ لیکن بہت طویل عرصے سے ہماری بسیں ٹریفک میں پھنس کر رہ گئی ہیں، بجائے اس کے کہ وہ اس شہر کے ساتھ اپنی رفتار کو ہم آہنگ کریں جو کبھی نہیں سوتا ہے۔ جب کسی سفر کی طوالت اس سے زیادہ ہو جائے جتنی ہونی چاہیے، تو اس کا مطلب ہے کہ آپ اپنے بال بچوں اور اپنے پیاروں کے ساتھ کم وقت

گزاریں گے، اور آپ کے پاس اس روئے زمین کے سب سے بہترین شہر کا لطف اٹھانے کے لیے وقت کم بچے گا۔ گورنر Hochul (ہوکل) کے ساتھ مل کر، ہم زیادہ تیز رفتار اور زیادہ قابلِ بھروسہ بسوں میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں کیونکہ نیو یارک کے لوگ ایک ایسے ٹرانزٹ سسٹم کے حقدار ہیں جو ان کے وقت کی قدر کرے۔ یہ منصوبہ کام، اسکول، اور گھر تک پہنچنا زیادہ آسان بنا دے گا — اور ایک ایسا شہر تعمیر کرے گا جو ان لوگوں کے لیے زیادہ بہتر طور پر کام کرے جو اسے چلتا ہوا رکھتے ہیں۔"

نیو یارک سٹی DOT کے کمشنر (مائیک فلن) نے کہا، "اکثر اوقات، نیو یارک سٹی کی بسوں کے مسافروں کو ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے وہ کوئی بھولی بسری سوچ ہوں۔ Mamdani (ممدانی) انتظامیہ اس تاریخی شراکت اور سرمایہ کاری کے ذریعے روزانہ اس شہر میں بسوں پر سفر کرنے والے ایک ملین مسافروں کو سب سے اگے رکھتے ہوئے مرکزی اہمیت دے رہی ہے۔ بس سروس کو ٹریفک جام کے رحم و کرم پر رہنے والے ایک دوسرے درجے کے اختیار کے طور پر نہیں دیکھنا چاہیے۔ بلکہ اسے تو ایک عالمی معیار کے شہر کے لیے ایک عالمی معیار والا نظام ہونا چاہیے: تیز رفتار، آرام دہ، قابل بھروسہ، اور اتنا آسان کہ نیو یارک کا ہر باسی بس کو آمد و رفت کا سب سے بہترین طریقے کے طور پر دیکھے۔ *Next Stop: Fast Buses, Better Service* ہمارے بس سسٹم میں انقلابی تبدیلیاں کرنے کے لیے بلیو پرنٹ فراہم کر رہا ہے، اور ہم گورنر Hochul (ہوکل) اور MTA کی طاقتور شراکت داری کے لیے دل کی گہرائیوں سے انکے معترف ہیں۔"

MTA کے چیئر اور CEO Janno Lieber (جانو لائبر) نے کہا، "کئی برسوں تک ہم MTA میں مزید بس لینوں اور ان کاروں اور ٹرکوں کے لیے زیادہ مضبوط نفاذ جیسے معاملات میں الجھے رہے جو بس لینوں کو بلاک کرتے ہیں۔ زیادہ تیز رفتار بسیں۔ رش کے اوقات کی قیمتیں۔ لیکن یہ کوئی راز نہیں کہ ہمیں مقامی سطح پر کوئی مدد و معاونت نہیں ملی تھی۔ اب مزید ایسا نہیں ہے۔ آج کے ہمارے شراکت دار — یہ گورنر، یہ میئر اور NYC DOT — یہ سبھی یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ بس میں سفر کرنا پیدل چلنے سے ہمیشہ زیادہ تیز ہو۔ وہ بس لینیں اور بس ویز بنانے کے بہت طویل عرصے سے زیر التوا وعدوں پر عمل کرنا چاہتے ہیں۔ وہ سڑکوں پر ٹریفک رواں دواں رکھنے کے لیے ٹریفک قوانین کے نفاذ میں مزید سختی کریں گے۔ بسیں صرف اتنا ہی تیز چل سکتی ہیں جتنا ٹریفک اجازت دے، تو اگر آپ کوئی بس ہیں یا بس کے مسافر ہیں تو یہ آپکے لیے بہت زبردست خوشخبری ہے۔"

نیو یارک کے باسی ہر روز نیو یارک سٹی کی بسوں پر 2.75 ملین چکر لگاتے ہیں اور اسی بناء پر یہ نظام ملک میں سب سے زیادہ مصروف نظام ہے — یہ لاس اینجلس، شکاگو، سان فرانسسکو، اور فلاڈیلفیا کے بس سسٹمز سے بھی زیادہ مسافروں کو لاتا اور لے جاتا ہے۔ لیکن نیو یارک کی بسیں اب بھی کسی بھی بڑے امریکی شہر کے مقابلے میں سب سے سست رفتار ہیں اور اوسطاً صرف آٹھ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چلتی ہیں۔

گورنر Hochul (ہوکل) اور میئر Mamdani (ممدانی) کے وعدے میں بس سروس کو بہتر بنانا مرکزی اہمیت رکھتا ہے تاکہ نیو یارک سٹی کو کام کرنے والے افراد کے لیے زندگی گزارنے کے زیادہ قابل بنایا جائے۔ بسوں پر سفر کرنے والے لوگ زیادہ تر محنت کش طبقے، خواتین، اور رنگدار جلد والے لوگ ہوتے ہیں اور زیادہ امکان یہی ہے کہ ان کا تعلق سب وے کے مسافروں یا ڈرائیوروں کے مقابلے میں ایسے گھرانوں سے ہو جن کی سالانہ آمدنی $100,000 سے کم ہے۔

تیز رفتار بسیں اور تیز رفتار ٹرانزٹ کی اگلی نسل

Next Stop: Fast Buses, Better Service ایسی 50 ترجیحی راہداریوں کی نشاندہی کر رہا ہے جنہیں NYC DOT اور MTA شہر کے سست ترین اور تاخیروں کے شکار بس روٹس کا مسئلہ حل کرنے کے لیے اپنی سرمایہ کاریوں کو ہدف بنائیں گے۔ ان روٹس پر بہتریاں اس سال شروع ہو جائیں گی۔

بروکلین، کوینز، اور برونکس کے پانچ روٹس کو نیو یارک سٹی کے اگلی نسل کے تیز رفتار بس روٹس کے پہلے مرحلے کے طور پر منتخب کیا گیا ہے:

- ٹریمونٹ/کراس برونکس، دی برونکس
- شمالی بلیوارڈ، کوینز

- فلیٹ بش ایوینیو، بروکلین
- یوٹیکا ایوینیو، بروکلین
- کینسنگٹن-JFK، بروکلین اور کوینز

ان راہداریوں کو اس لیے منتخب کیا گیا کیونکہ یہ نیو یارک والوں کو نوکریوں، اسکولوں، سب وے سروس، اور اہم مقامات سے منسلک بھی کرتی ہیں اور حال اور مستقبل کی رہائشی اور اقتصادی ترقی میں مدد و معاونت بھی کرتی ہیں۔

2026 سے شروع کرتے ہوئے NYC DOT اور MTA ان منصوبوں میں مخصوص اور محفوظ بس لینوں، پورا دن چلنے والی سروس، اور اپ گریڈ کردہ اسٹیشنوں کے ساتھ پیش رفت کریں گے جن میں انتظار کی سایہ دار جگہوں اور عوامی مقامات کی ایسی بہتریاں شامل ہوں گی جو دنیا کے بہترین تیز رفتار بس نظاموں کی طرز پر بنائی جائیں گی۔

قابل بھروسہ بسیں
MTA باہم مل کر کام کرتے ہوئے شیڈول کردہ ٹرپس کی تکمیل یقینی بنا کر، ڈپو آپریشنز کو جدید تر بنا کے، اور بسوں کی دیکھ بھال اور مرمت کے نظام کو زیادہ مضبوط بنا کر سروس پر بھروسے کی سطح میں بہتری لائے گی۔

MTA کے تاریخی $68 بلین کے 2025-2029 کیپیٹل پروگرام کے ذریعے، جسے گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاستی مقننہ نے FY26 کے نافذ شدہ بجٹ میں مکمل طور پر فنڈ کیا، یہ اتھارٹی تقریباً 2,500 نئی بسیں خریدے گی جو ان کے پرانے بیڑے کے 40% جزو کی جگہ لے لیں گی۔

MTA سنہ 2027 میں سبھی دروازوں سے سوار ہونے کا نظام بھی نافذ کر دے گی اور مکمل طور پر 'ٹیپ اینڈ رائیڈ' پر منتقل بھی ہو جائے گی۔

سواریوں کا تجربہ بہتر بنانا
یہ منصوبہ تسلیم کر رہا ہے کہ مسافروں کو صرف تیز رفتار سفر کا حق نہیں ہے — بلکہ انہیں زیادہ بہتر سفر کا حق بھی حاصل ہے۔

بس اسٹاپس کو زیادہ محفوظ، زیادہ آرام دہ، اور زیادہ قابل رسائی بنانے کے لیے NYC DOT اور MTA مندرجہ ذیل کام کریں گے:

- بس اسٹاپ رسائی پروگرام کو وسعت دے کر اسے سنہ 2030 تک ہر سال 65 اسٹاپس تک پہنچائیں گے۔
- سنہ 2028 تک 300 نئے بس شیلٹرز بنائیں گے۔
- ہر سال 875 بس اسٹاپس پر بیٹھنے کی جگہ شامل کریں گے، جس سے یہ امر یقینی بنے گا کہ ہر موزوں اسٹاپ پر 2035 تک بیٹھنے کی جگہ موجود ہو۔
- سنہ 2026 میں بس اسٹاپس پر 30 درخت لگائیں گے اور بس اسٹاپس پر شدید گرمی کا اثر کم کرنے کے لیے حفاظتی ڈیزائن میں بہتریاں کریں گے۔
- سنہ 2026 میں 90 نئے ریئل ٹائم پیسنیجر انفارمیشن ڈسپلیز نصب کریں گے اور انہیں سنہ 2030 تک پورے شہر میں 2,900 ڈسپلیز تک وسعت دیں گے۔

بس لینوں کو صاف رکھنا:
بسوں کو رواں دواں رکھنے کے لیے بس لینوں کو غیر قانونی ٹریفک سے پاک رکھنا لازمی ہے۔

آٹومیٹڈ کیمرہ انفورسمنٹ (Automated Camera Enforcement, ACE) سے بسوں کی رفتار میں 30% تک اضافہ ہوا ہے جبکہ ٹکرانے کے واقعات میں 20% تک کمی ہوئی ہے۔

ان کامیابیوں کو مزید مہمیز دینے کے لیے:

- NYC DOT اور MTA سنہ 2026 اور 2027 میں ہر سال بسوں پر نصب ACE کو 25 اضافی روٹس تک وسعت دیں گے۔
- NYC DOT سنہ 2027 تک 200 اضافی غیر متحر بس لین کیمرے نصب کروائے گا، جو بسوں کی لین میں غیر قانونی ڈرائیونگ کرنے والی گاڑیوں کو پکڑنے کا ایک مؤثر پروگرام ہے۔
- نیو یارک سٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ (New York City Police Department, NYPD) سنہ 2026 سے ابتدا کرتے ہوئے ٹارگٹڈ بس لین کے نفاذ کو 14 سے 20 کوریڈورز تک وسعت دے گا۔

سواروں کو آگے اور مرکزی حیثیت میں رکھنا

Next Stop: Fast Buses, Better Service کمیونٹی کو شامل رکھنے کے لیے ایک زیادہ مضبوط اور سواریوں پر مرکوز نقطہ نگاہ بھی متعین کر رہا ہے۔

میئر کے دفتر برائے ماس انگیجمنٹ (Office of Mass Engagement, OME) اور دیگر سٹی ایجنسیوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے NYC DOT اور MTA منصوبے شروع کرنے سے قبل کمیونٹی تقاریب کا انعقاد کریں گے، سروے منعقد کریں گے، اور وکالت کرنے والی تنظیموں اور کمیونٹی گروپوں کے ساتھ شراکت داریاں قائم کریں گے۔ عوامی تعلیم مہمات کے ذریعے سفر کرنے والوں کو آئندہ کی جانے والی بہتریوں اور سروس اپ گریڈز کے بارے میں سمجھنے میں مدد ملے گی۔

احتساب یقینی بنانے کے لیے NYC DOT اور MTA منصوبوں کی تکمیل کے بعد چھ سے 12 مہینوں کے اندر اندر کارکردگی کا ڈیٹا عوام کے لیے جاری کریں گے جس سے مزید بہتری کے مواقع کی نشاندہی کرتے ہوئے سفر کے دورانیوں، بھروسے کی سطح، اور مسافروں کے تجربے پر پڑنے والے اثرات کی پیمائش کی جائے گی۔

کوئنز بارو کے صدر Donovan Richards Jr (ڈونووین رچرڈز جونیئر) نے کہا، "کوینز کے 800,000 سے زیادہ باشندے روزانہ کسی MTA بس پر سفر کرتے ہیں – جو شکاگو کے پورے ماس ٹرانزٹ سسٹم کے اوسط یومیہ استعمال کا مقابلہ کرتا ہے۔ تاہم، بہت طویل عرصے تک ہمارے بارو کے محنت کش خاندانوں کو شاذ و نادر ہی ایسی تیز رفتار، قابل اعتماد، اور مؤثر سروس ملی ہے جس کے وہ ہمیشہ سے حقدار ہیں۔ کم از کم، اب تک۔ کوئینز بس نیٹ ورک کو نئے سرے سے ڈیزائن کرنے سے لے کر اس ایکشن پلان تک جس کا ہم آج اعلان کر رہے ہیں، ہم اپنی بسوں کی رفتار اور انہیں قابلِ بھروسہ بنانے میں تاریخی سرمایہ کاریاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ گورنر Hochul (ہوکل)، میئر Mamdani (ممدانی) اور شامل ہونے والی تمام ایجنسیوں کا شکریہ کہ آپ نے کوینز میں ان 14 اہم ترین راہداریوں کو ترجیح دینے کے لیے شراکت داری کی۔ میں مستقبل کے اس کام کا شوق سے منتظر ہوں جس سے آخرکار کوینز کے رہائشیوں کو وہ تیز رفتار اور مؤثر بس سروس مل جائے گی جس کے وہ ہمیشہ سے حقدار رہے ہیں۔"

نیویارک سٹی کونسل کے رکن Tiffany Caban (ٹفینی کبان) نے کہا، "پانچ باروز میں تیز رفتار بسوں اور بہتر سروس پر کی جانے والی اس سرمایہ کاری کی اشد ضرورت ہے۔ نیو یارک کے کارکن طبقے کے افراد اپنے کاموں پر جانے، اپنے پیاروں سے ملنے، اور خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے ہماری بسوں پر انحصار کرتے ہیں۔ لیکن جب وہ بس اسٹاپ پر انتظار کر رہے ہوتے ہیں تو انہیں اکثر ایسی بسوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے جو دیر سے آتی ہیں، سست رفتار ہوتی، ہیں یا سرے سے آتی ہی نہیں ہیں۔ مجھے یہ دیکھ کر بہت خوشی ہوئی ہے کہ ہم نیو یارک کے لوگوں کی خدمت کے لیے تیز رفتار اور بہتر بسیں فراہم کر رہے ہیں۔"

نیویارک سٹی کونسل کے رکن Lynn Schulman (لن شلمین) نے کہا، "نیو یارک کے ہزاروں لاکھوں افراد کے لیے، جن میں خود میں بھی شامل ہوں، اپنے دفاتر اور کاموں، اسکولوں، طبی اپائنٹمنٹس، اور شہر کے اردگرد واقع دیگر مقامات تک آنے جانے کا بنیادی ذریعہ بس سروس ہی ہے۔ زیادہ تیز رفتار، زیادہ قابل اعتماد، اور زیادہ قابل

رسائی بس سروس میں سرمایہ کاری کرنا مساوات، معیارِ زندگی، اور ہمارے محلوں کے اقتصادی محرکات کے لیے ایک خوش آئند عزم مصمم ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل)، میئر Mamdani (ممدانی)، MTA، اور محکمہ ذرائع آمد و رفت کا دل سے معترف ہوں کہ وہ ہمارے بس سسٹم کے مستقبل کے لیے اس جانفزا وژن کو آگے بڑھانے کے لیے اکٹھے ہوئے۔ میں MTA، NYC DOT اور میئر اور گورنر کے دفاتر کے ساتھ مل کر کام کرنے کا بہت شوق سے منتظر ہوں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ میری ڈسٹرکٹ کی کمیونٹیز ان بہتریوں کا تجربہ کر سکیں گی۔ زیادہ بہتر، زیادہ تیز رفتار، اور زیادہ قابلِ اعتماد بس سسٹم فراہم کرنے سے سبھی نیو یارک والوں کو فائدہ پہنچے گا۔"

Riders Alliance کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Besty Plum (بیسٹی پلم) نے کہا، "پورے نیو یارک کے بس سواروں نے باہم مل کر تیز رفتار بسوں کے لیے ایک منظم بصیرت افروز منصوبہ اور ہماری زندگی کے ضائع شدہ سابقہ گھنٹے دوبارہ حاصل کرنے کا موقع جیت لیا ہے۔ NYC DOT اور MTA کے درمیان ایک حقیقی شراکت داری کو دوبارہ مہمیز دے کر میئر Mamdani (ممدانی) اور گورنر Hochul (ہوکل) ایک ایسا تاریخی موقع پیدا کر رہے ہیں جس کے ذریعے بسوں کو نیو یارک کے ان باشندوں کے لیے جو روزانہ بسوں پر انحصار کرتے ہیں ڈرامائی انداز میں زیادہ تیز رفتار اور زیادہ قابل اعتماد بنایا جا سکے گا۔ سست رفتار بسیں صرف ایک پریشانی ہی نہیں ہوتیں۔ وہ مواقع کی راہ میں روڑے اٹکاتی ہیں، خاندان کے ساتھ گزارنے والے وقت میں کمی کرتی ہیں، اور نیو یارک کے ان لوگوں کے لیے ایک روزانہ کی توہین کا سبب بنتی ہیں جو اپنے کاموں، اسکولوں، بچوں کی دیکھ بھال کے مراکز، صحت کی دیکھ بھال کے مراکز، اور دیگر بنیادی ضروریات اور مواقع تک پہنچنے کے لیے ان بسوں پر انحصار کرتے ہیں۔ بسوں کو ٹھیک کرنے کا مطلب ہے شہری زندگی کی بنیادی چیزوں کو ٹھیک کرنا۔ سواریوں نے ہی وہ طاقت پیدا کی جس سے یہ لمحہ ممکن بنا ہے، اور ہم اُس وقت تک معاملات منظم کرتے رہیں گے جب تک یہ وعدے ہر علاقے میں حقیقی بہتریوں میں تبدیل نہ ہو جائیں۔"

Regional Plan Association کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Kate Slevin (کیٹ سلیون) نے کہا، "ریجنل پلان ایسوسی ایشن گورنر، میئر اور نیو یارک سٹی کے محکمہ ذرائع آمد و رفت کو مبارکباد پیش کرتی ہے کہ انہوں نے اس منصوبے کو آگے بڑھایا جس کے ذریعے بس سروس زیادہ تیز رفتار، زیادہ تواتر سے آنے جانے والی، اور زیادہ قابل اعتماد بنائی جا سکے گی۔ یہ بہتریاں بہت دیر سے آءی ہیں اور ان نیو یارک والوں کے لیے جو ہر روز بسوں پر انحصار کرتے ہیں انہیں اور بھی جلدی آ جانا چاہیے تھا۔ زیادہ تیز اور زیادہ مؤثر بس سروس زیادہ پائیدار، زیادہ منصفانہ، اور اقتصادی طور پر ایک زیادہ مسابقتی شہر بنانے کے لیے لازم و ملزوم ہے۔"

مستقل شہریوں کی مشاورتی کمیٹی (Permanent Citizens Advisory Committee) برائے MTA کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Lisa Daglian (لیزا ڈیگلیان) نے کہا، "بہت طویل عرصے تک بس کی سواریوں نے سیاست کی وجہ سے ناقابل برداشت حد تک سست رفتار اور ناقابل بھروسہ سفر کا سامنا کیا ہے، لیکن اب یہ صورتحال بدلنے والی ہے۔ ایسی ٹھوس سرمایہ کاریاں جو بسوں کے مسافروں کو سب سے آگے رکھیں — بشمول بس کی ترجیحی راہداریاں اور سبھی دروازوں سے سوار ہونے کی سہولت — ان سواریوں کے سفر کو اتنا تیز تو بنا ہی دے گی کہ وہ آخرکار کسی مرغی سے زیادہ تیز چل سکیں۔ ہم گورنر، میئر، MTA، DOT اور نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے مشاہدہ کردہ غیر معمولی شراکت داری اور سیاسی عزم مصمم کو سراہتے ہیں جس سے یقیناً نیو یارک کی لاکھوں سواریوں کی زندگیوں میں مثبت فرق آئے گا۔"

Center for Independence of the Disabled, New York کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Sharon McLennon Wier, Ph.D., MSEd., CRC, LMHC (شیرون میک لینن وائر) نے کہا، " Center for Independence of the Disabled, New York (CIDNY) پوری طرح متفق ہے کہ بسوں کی توسیع میں ایسی مساوات ہونی چاہیے تاکہ معذور افراد، بزرگ شہری، اور دیگر سبھی مسافر اس قابل رسائی، محفوظ اور وقت کی بچت کرنے والی سروس سے اپنے منزلوں تک پہنچ بھی سکیں اور واپس بھی آ سکیں۔ بروکلین میں تجویز کردہ تیز رفتار بسوں کا ڈیزائن ان علاقوں کو اپنا مقصد بنا رہا جہاں بہت سے لوگ معذوریوں کے شکار ہیں، بزرگ شہری ہیں، یا ایسے مسافر ہیں جو بچوں کی گاڑیاں اور کریانہ دکانوں کی ریڑھیاں استعمال کرتے ہیں۔ ان سواریوں کے پاس ان بسوں پر محفوظ طریقے سے سوار ہونے اور ان سے نیچے اترنے کا راستہ ہونا لازمی ہے۔ تیز رفتار بس سروس کے لیے لازمی ہے کہ وہ ہر شخص کے لیے ایک محفوظ اور قابل رسائی ٹرانزٹ ہو۔"

AARP New York کی ریاستی ڈائریکٹر Beth Finkel (بیتھ فنکل) نے کہا، "نیو یارک کے باشندوں کو ایک ایسے ٹرانزٹ سسٹم ہونے کا پورا حق ہے جو ان کی زندگی، کام اور عمر کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ ایسی بہتریاں جو بسوں کو زیادہ تیز رفتار، زیادہ قابل اعتماد، اور زیادہ قابلِ رسائی بنا دیں، خاص طور پر ایسے عمر رسیدہ افراد اور دیگر لوگوں کے لیے بہت اہم ہیں جو روزانہ پبلک ٹرانسپورٹ پر انحصار کرتے ہیں۔ AARP New York بس سروس کو مضبوط بنانے اور لوگوں کو ان کی کمیونٹیز میں فعال، مربوط، اور آزاد رہنے میں مدد دینے کے اس عزم مصمم کا دل سے خیرمقدم کرتی ہے۔"

People-Oriented Cities کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر (والٹر ہُک) نے کہا، "People-Oriented Cities میں ہم Next Stop: Fast Buses, Better Service اس بات سے بہت خوش ہیں کہ NYC DOT اور MTA صحیح معنوں میں بسوں کی رفتار والی سوئی اور وثوق و بھروسے کو وسعت دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہم ان دونوں ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری کے شوق سے منتظر ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ بسیں اس رپورٹ میں بیان کردہ اولوالعزم اہداف کو پورا کر رہی ہیں اور یہ کہ ریپڈ بس کے پانچ کوریڈورز حقیقی اور عالمی معیار کی بس ریپڈ ٹرانزٹ کی سطح تک پہنچ رہے ہیں۔"

###